الهمة ومن عامة الناس - فلا شك ان رويا الملك

اور اس عامی کا گو ظاہر میں ایک ہی ہیں لیکن دانشمند اور بغیر جاننے والے کے نزدیک

ورؤيا هذا الرجل وان كانت واحدة غير مميزة في ظاهر

ایک نہیں - بلکہ عادل بادشاہ کی تعبیر بہت بلند اور عام اور نفع رسان اور سب لوگوں

الحالات - ولكن ليست بواحدة عند عارف تعبير

کے حق میں خیر و برکت اور بہت ہی درست اور صاف ہے - مگر عامی کی رویا اکثر

الرؤيا وذي الحصات - بل لرؤيا الملك العادل تعبيرا علی

صورتوں میں آمیزش اور میل کچیل سے پاک نہیں ہوتی - اس کے علاوہ اس کا اثر

وارفع واعم وانفع - وهي للناس كلهم خير ومع ذالك

بیٹوں اور باپوں یا تھوڑے سے دوستوں سے آگے نہیں جاتا -

اصح والمع - واما رؤيا رجل هو من ادنى الناس - فلا

اور اگر اغیار سوار بھی ہوں تو بھی بہت ہی

يتخلص في اكثر صورها من الالتباس بل من الادناس -

نزدیک جگہ میں ڈیرے ڈال دیتے ہیں

ثم مع ذالك لا تجاوز اثرها من الابناء والآباء - او شرذمة

اور پالانوں سے اتر کر آشیانوں میں گھس

من الاحباء - وان ركب هؤلاء الاغيار - ينيخون بادنى

جاتے ہیں - مگر قرآن کریم کے سواروں

الارض مطايا التسيار - وينتقلون من الاكوار الى الاوكار -

کا یہ حال ہے کہ وہ آبادی کے ہر دائرہ

واما خيل الفرقان فيجوبون كل دائرة العمران - وهو كتاب

کو قطع کرتے ہیں - قرآن کریم ایک کتاب ہے

تجری تحتہ بحار العرفان - ولا یطیر فوقہ طیر التبیان - و

جس کے نیچے عرفان کے دریا بہتے ہیں - اور کسی گویائی کا پرندہ اس سے فوق اُڑ

ما تکلم احد الاّ دانَ من خزائنہ - واخرج من بعض

نہیں سکتا - اور ہر بولنے والا اُسی کے خزانوں اور دفینوں سے کچھ لیتا ہے اور میرے

دفائنہ - واری کل متکلم صفر الیدین - من غیر التطوّق

نزدیک ہر متکلم اس قرضہ میں مبتلا ہونے کے بغیر محض تہی دست ہے - اور قرضدار

بھذا الدین - وکل غریم یجدّ فی التقاضی - ویلجّ فی

سے سخت تقاضا کیا جاتا اور سخت کوشش کی جاتی ہے کہ قاضی تک پہونچاکر

الافتیاد الی القاضی - واما القرآن فیتصدق علی اھل

اس سے روپیہ وصول کیا جائے - مگر قرآن کریم تنگ دستوں کو صدقات دیتا اور

الاملاق - وینزع عن الارھاق - بل یعطی سبائک الخلاص -

ساری تنگیاں دور کرتا بلکہ اخلاص والوں کو سونے کی ڈلیاں دیتا ہے اور

لاھل الاخلاص - ولا یمنّ علی الغرماء بالانظار - بل یرغبھم

اپنے قرضداروں کو مہلت دینے کا احسان نہیں جتاتا بلکہ ان کو سونا

فی احتجان النضار - ولا یاخذ سارقاً - ان کان فارقاً* - وانا

اکٹھا کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور کسی چور کو اگر وہ ڈرنے

نحن تلامیذ الفرقان - وانتزعنا من بحرہ بعد ما صرنا کالکیزان

والا شخص ہی ہو نہیں پکڑتا - اور ہم تو اول کوزے بنے

فان کان مدیر المنار - تزرّی علیّ لھذا الاعتذار - فندعولہ

پھر قرآن کے دریا سے لبالب ہوئے - سو اگر منار کا ایڈیٹر اس جہت سے

* الحاشیہ - اعنی مَن اقتبس من القرآن آیۃً بصحت النیّت - خائفاً من الحضرت - فلا اثم علیہ عند علماء الشان ذی المجد والمنۃ - منہ

لغيرة لله الغيور الغفار - ولو قمت على مقامه - لقلت كمثل

مجھ سے بگڑا ہے تو میں اس کی غیرت کی وجہ سے اس کے لئے خدا سے دعا کرتا ہوں

كلامه - ولعنة الله على من انكر باعجاز القران وجوهر حسامه - وتفرد درّة

اعجاز القرآن

اور اگر میں اسکی جگہ ہوتا تو میں بھی وہی کہتا جو اس نے کہا - میرے نزدیک خدا

كلمه ونظامه - ووالله انا نشرب من عينه - ونتزين بزينته

کی لعنت اسپر جو قرآن کے اعجاز کا انکار کرتا اور اپنے کلام اور نظام کو بجائے

ولذالك يسعى على كلامنا نور وصفاء - وفي نطقنا يبهر لمعان وضياء و

خود کوئی مستقل شے سمجھتا ہے - اور خدا کی قسم ہم تو اسی چشمہ سے پیتے اور اسی کی زینت

بركة شفاء - وطلاوة وبهاء - وليس عليّ منّة احد من غير الفرقان -

سے آراستہ ہوتے ہیں - اسی سبب سے تو ہمارے کلام میں نور اور صفا ہوتی

وانه ربّاني بتربية لا يضاهيها الابوان - وسقاني الله به معينا - ووجدناه منيرًا ومعينا

اور ہماری گویائی میں روشنی اور شفا اور تازگی اور خوبصورتی چمکتی ہے - اور مجھپر

فلا نعرف التهابا ولا حرورا - وشربنا من كاس كان مزاجها

قرآن کے سوا اور کسی کا احسان نہیں اور اس نے میری ایسی پرورش کی ہے

كافورا - وان كلامي هذا ليس من قلمي السقيم - بل كلم

کہ ویسی ماں باپ بھی تو نہیں کرتے - اور خدا نے مجھے اُس سے خوش گوار پانی پلایا - اور ہم نے اُسکو روشن کرنیوالا اور مددگار پایا

افصحت من لدن حكيم عليم - بافاضة النبي الرؤف الرحيم -

پانی پلا دیا ہے کہ اب مجھے کوئی سوزش اور گرمی محسوس نہیں ہوتی اور ہم نے کافوری

فلا تجعلوا رزقكم ان تكذبوها بل فكروا كالزكي الفهيم - ام

پیالہ پیا ہے اور یہ میرا کلام میری ناتوان بیمار قلم کی طرف سے نہیں بلکہ یہ تو حکیم علیم کی باتیں ہیں

ظننتم ان اللہ لا یعلم ما تعلمون - او لا یقدر علی ما تقدرون
نبی کریم کی افاضہ کے وسیلہ سے - سو تم تکذیب پر ہی کمر نہ باندھ لو بلکہ دانا اور زکی بنکر سوچو - کیا تمھیں گمان
کلا بل لا تعرفونہ حق المعرفۃ و تستکبرون - واللہ یجعل لمن
ہے کہ جو تم جانتے ہو وہ خدا نہیں جانتا - کیا وہ قادر نہیں اُن پر جن پر تم قادر ہو - ایسا نہیں بلکہ تم اُسے
یشاء بسطۃ فی العلم افلا تفکرون - و قد کنتم علی شفا حفرۃ فرحمکم اللہ افلا تشکرون
اچھی طرح نہیں پہچانتے اور تکبر کرتے ہو اور خدا تعالے جسے چاہے علم میں وسعت اور فراخی عطا فرمائے کیا تم سوچتے نہیں -
اور تم سب گڑھے میں گرنے کے لئے طیار تھے پس خدا نے تم پر رحم کیا کیا تم شکر نہیں کرتے -

ما بال المسلمین و ما العلاج فی ھذا الحین

مسلمانوں کا کیا حال ہے اور اس وقت علاج کیا چاہئے

ظہر الفساد فی المسلمین - و صارت ککبریت احمر زمر
مسلمانوں میں بگاڑ پیدا ہو گیا ہے - اور نیک لوگ سرخ گندھک کی مانند ہو گئے ہیں
الصالحین - ما تری فیھم اخلاق الاسلام - ولا مواساۃ
ان میں نہ تو اخلاق اسلام رہے ہیں اور نہ بزرگوں کی سی ہمدردی رہ گئی ہے - کسی سے
الکرام - لا ینتھون من التغلیط - ولو بالخلیط - و یجرعون
برا آنے سے باز نہیں آتے خواہ کوئی پیارا یار کیوں نہ ہو - لوگوں کو کھولتا ہوا
الناس من الحمیم - ولو کان احد کالولی الحمیم - ولا یکافئون
پانی پلاتے ہیں خواہ کوئی خالص دوست ہی ہو - اور دسواں حصہ بھی بدلہ
بالعشیر - ولو کان اخا او من العشیر - لا یصافون شفیقا -
میں نہیں دیتے خواہ بھائی ہو یا باپ یا کوئی اور رشتہ دار ہو - اور کسی دوست

ولاشقيقاً - ويستقلون جزيل المواسين - ولا يحسنون

اور حقیقی بھائی سے بھی سچی محبت نہیں کرتے اور ہمدردوں کی بڑی بھاری ہمدردی

الی المحسنين - ويجبّون الناس من عوارف - ولو كانوا من معارف -

کو بھی حقیر سمجھتے ہیں اور محسنوں سے نیکی نہیں کرتے - اور لوگوں پر مہربانی نہیں کرتے خواہ کیسے

ويبخلون بما عندهم مرافقهم - ولو كان مرافقهم - بل اذا اجلت فيهم

ہی جان پہچان کے آدمی ہوں اور اپنے رفیقوں کو بھی اپنی چیزیں دینے سے بخل کرتے ہیں بلکہ

بصرك - وكررت في وجههم نظرك - وجدت اكثر طوائف هذه الملة -

اگر تم دوڑاؤ اپنی آنکھ کو اُن میں اور بار بار اُن کے مونہہ کو دیکھو تو تم اس قوم کی ہر جماعت کو پاؤ گے

قد لبسوا ثياب الفسق وترك الديانة والعفة - وانا نذكر ههنا نبذاً

کہ فسق اور بد دیانتی اور بے حیائی کا لباس پہنا ہوا ہے - اور ہم اسجگہ تھوڑا سا حال اپنے زمانہ کے

من حالات ملوك زماننا وغيرهم من اهل الاهواء - ثم نكتب بعدهما

بادشاہوں اور دوسرے لوگوں کا لکھتے ہیں جو ہوا پرست لوگ ہیں اور پھر ہم اُس علاج کو

اراد الله لدفع تلك المفاسد وتدارك الاسلام والمسلمين من السماء -

لکھیں گے جو خدا نے اِن فسادوں کے دور کرنے کے لئے ارادہ کر رکھا ہے اور نیز اسلام اور مسلمانوں کے

في حالات ملوك الاسلام في هذه الايام

(بادشاہوں کے حالات)

اعلم رحمك الله ان اكثر طوائف الملوك واولى الامر والامرة - الذين

جان خدا تیرے پر رحم کرے کہ اکثر بادشاہ اس زمانہ کے اور امراء اس زمانہ کے جو بزرگان

يعدّون من كبراء هذه الملة - قد مالوا الى زينة الدنيا بكل الميل

دین اور حامیان شرع تین سمجھے جاتے ہیں وہ سب کے سب اپنی ساری ہمت کیساتھ زینت دنیا کی

والهمة - واستأنسوا بانواع النعم واللّهنية - ومابقي لهم

طرف جھک گئے ہیں اور شراب اور باجے اور نفسانی خواہشوں کے سوا انہیں اور کوئی کام ہی

شغل من غير الخمر والزمر والشهوات النفسانية - يبذلون

نہیں - وہ فانی لذتوں کے حاصل کرنے کے لئے خزانے خرچ کر ڈالتے ہیں -

خزائن لاستيفاء اللذات الفانية - ويشربون الصهباء جهرةً

وشرابیں پیتے ہیں نہروں کے کناروں اور بہتے پانیوں

على شاطئ الانهار المطرّدة - والمياه الجارية - والاشجار الباسقة - و

اور بلند درختوں

اور پھل دار درختوں

الاثمار اليانعة - والازهار المنوّرة - جالسين على الانماط
اور شگوفوں کے پاس - اعلیٰ درجہ کے فرشوں پر بیٹھکر اور
المبسوطة - ولا يعلمون ما جرى على الرعية والملة - ليس
کوئی خبر نہیں کہ رعیت اور ملت پر کیا بلائیں ٹوٹ رہی ہیں
لهم معرفة بالقانون السياسي وتدبير مصالح الناس - وما أُعطي لهم
انھیں امور سیاسی اور لوگوں کے مصالح کا کوئی علم نہیں اور ضبط امور
حظ من ضبط الامور والعقل والقياس - والذين يُخيَّرون
اور عقل اور قیاس سے انھیں کچھ بھی حصہ نہیں ملا - اور جو لوگ بچپن
لتاديبهم في عهد الصبا - فهم يرغبونهم في الخمر والزمر وعلى
میں اُن کے اتالیق بنائے جاتے ہیں وہی انھیں شراب اور باجوں اور
منادمة على الربى - سيما في اوقات المطر وعند هزيز نسيم
پہاڑوں پر مے نوشی کی محفل آرائی کی ترغیب دیتے ہیں خصوصا بارش
الصبا - كذالك يقربون حرمات الله ولا يجتنبون - ولا يودون
اور نسیم صبا کے چلنے کے وقت - اسی طرح حرمات اللہ کے نزدیک جاتے
فرائض الولاية ولا يتقون - ولذالك يرون هزيمة على هزيمة -
ہیں اور اُن سے بچتے نہیں اور حکومت کے فرائض کو ادا نہیں کرتے اور متقی
وتراهم كليوم في تنزل ومنقصة - فانهم اسخطوا رب السماء -
نہیں بنتے - یہی وجہ ہے کہ شکست پر شکست دیکھتے ہیں اور ہر روز تنزل اور
وفوّض اليهم خدمة فما ادوها حق الاداء - اتزعمون انهم خلفاء
کمی میں ہیں اس لئے کہ انھوں نے آسمان کے پروردگار کو ناراض کیا اور جو خدمت اُنکے

الاسلام - کلا بل هم اخلدوا الی الارض وانّٰی لھم حظّ من

سپرد ہوئی تھی اس کا کوئی حق ادا نہیں کیا - کیا تم دعوی کرتے ہو کہ وہ اسلام کے خلیفے ہیں۔ ایسا

التقوی التّام - ولذالك ینھزمون من کل من نھض للمخالفة -

نہیں بلکہ وہ زمین کی طرف جھک گئے ہیں اور پوری تقوٰی سے انھیں کہاں حصہ ملا ہے - اس لئے

ویولّون الدبر مع کثرة الجُنود والدولة والشّوکة - وما ھذا

ہرایک سے جو انکی مخالفت کے لئے اٹھ کھڑا ہو شکست کھاتے ہیں اور باوجود کثرت لشکروں

الا اثر السخط الذی نزل علیھم من السماء - بما آثروا شھوات

اور دولت اور شوکت کے بھاگ نکلتے ہیں - اور یہ سب اثر ہے اس لعنت کا جو آسمان سے

النفس علی حضرة الکبریاء - وبما قدموا علی الله مصالح الدنیا

اتر رہی ہے اس لئے کہ انھوں نے نفس کی خواہشوں کو خدا پر مقدم کر لیا اور ناچیز دنیا کی مصلحتوں

الدنیة - وکانوا عظیم النھمة فی لذاتھا وملاھیھا الفانیة -

کو اللہ پر اختیار کر لیا - اور دنیا کی فانی لہو ولعب اور لذتوں میں سخت حریص ہو گئے اور ساتھ

ومع ذالك کانوا اساری فی ذمیمة النخوة والعجب والریاء -

اسکے خود بینی اور گھمنڈ اور خود نمائی کے ناپاک عیب میں اسیر ہیں - دین میں سُست اور

الکسالی فی الدین والفاتلین فی سبل الاھواء - فکیف یُعطی

ہارکھائے ہوئے اور گندی خواہشوں میں چست چالاک ہیں - سوایک پست ہمت کو بزرگی

لسقط جُلّی ومکرمة - وکیف یوھب لفُضلة فضیلة ومرتبة -

کیونکر دی جائے اور ایک فُضلہ کو فضیلت اور مرتبہ کیونکر مرحمت

فانھم بسأوا بالشھوات - ونسوا رعایاھم ودینھم وما ادّوا

ہو - اس لئے کہ انھوں نے خواہشوں سے اُنس پکڑ لیا اور اپنی رعیت اور دین کو فراموش کر دیا -

حق التكفل والمراعات - يحسبون بيت المال كطارف او
اور پوری خبر گیری نہیں کرتے - بیت المال کو باپ دادوں سے وراثت میں آیا
تالد ورثوه من الآباء - ولا ينفقون الاموال على مصارفها كما هو شرط
ہوا مال سمجھتے ہیں - اور رعایا پر اُسے خرچ نہیں کرتے جیسے کہ پرہیزگاری کی شرط
الاتقاء - و يظنون كانهم لا يسئلون - والى الله لا يرجعون -
ہے - اور گمان کرتے ہیں کہ اُن سے پرسش نہ ہوگی اور خدا کی طرف لوٹنا نہیں ہوگا
فيذهب وقت دولتهم كاضغاث الاحلام - والفيئ المنتسخ
سواُن کی دولت کا وقت خواب پریشان کی طرح گذر جاتا ہے - یا اُس سایہ کی طرح
من الظلام - ولو اطلعت على افعالهم لاقشعرت منك الجلدة -
جسے تاریکی دور کر دیتی ہے - اگر تم اُن کے فعلوں پر اطلاع پاؤ تو تمہارے بدن پر رونگٹے
واستولت عليك الحيرة - ففكروا أهولاء يشيدون الدين ويقومون له
کھڑے ہو جائیں اور حیرت تم پر غالب آجائے - سو غور کرو کیا یہ لوگ دین کو پختہ کرتے اور اُس
كالناصرين - أهولاء يهدون الضالين - ويعالجون العمين - كلا بل لهم اغراض
کے مددگار ہیں - کیا یہ لوگ گمراہوں کو راہ بتاتے اور اندھوں کا علاج کرتے ہیں - نہیں نہیں
دون ذالك فهم يعملون بها مصبحين و ممسين - ما لهم والاحكام الشريعة بل يريدون
بلکہ اُن کے اغراض اور مقاصد اور ہی ہیں جنھیں صبح اور شام پورے کرتے ہیں - انہیں
ان يخرجوا من ربقتها و يعيشوا بالحرية - واين لهم كالخلفاء
شریعت کے احکام سے نسبت ہی کیا بلکہ وہ تو چاہتے ہیں کہ اُس کی قید سے نکل کر پوری
الصادقين قوة العزيمة وكالاتقياء الصالحين قلب متقلب
بے قیدی سے زندگی بسر کریں - اور خلفائے صادقین کی سی قوت عزیمت اُن میں کہاں
مع الحق والمعدلة - بل اليوم سرر الخلافة خالية من هذه
اور صالح پرہیزگاروں کا سا دل کہاں جس کا شیوہ حق اور عدالت ہو - بلکہ آج خلافت
الصفات - و ألقي عليها اجساد لا ارواح فيها بل هي اردء من
کے تخت اُن صفات سے خالی ہیں اور اُن پر جسم بلا روح بٹھائے گئے ہیں - بلکہ وہ مردوں

الاموات - وان وجودھم اعظم المصائب علی الاسلام - وان
سے بھی زیادہ ردی ہیں - اوران کا وجود اسلام کے حق میں بہت بڑی مصیبت ہے اوردین
ایّامھم للدین انحس الایام - یاکلون ویتمتعون - ولاینظرون
کے لئے اُن کے دن سخت ہی منحوس دن ہیں - کھاتے پیتے ہیں اورخرابیوں کی طرف نہیں
الی المفاسد ولایحزنون - ولایرون الملۃ کیف رکدت ریحھا
دیکھتے اور نہ کڑھتے ہیں اور دھیان نہیں کرتے کہ ملت کی ہَوا ٹھہر گئی ہے اوراس کے
وخبت مصابیحھا - وکُذّب رسولھا وغلّط صحیحھا - بل تجد
چراغ بجھ گئے ہیں اور اُس کے رسول کی تکذیب ہورہی ہے اوراس کے صحیح کو غلط
اکثرھم - مُصرّین علی المنھیات - المجترئین علی سَوْق الشھوات
کہا جارہا ہے - بلکہ اُن میں سے بہتیرے خدا کی منع کی ہوئی چیزوں پر اڑ بیٹھے ہوئے
الی سُوق المحرمات - المسارعین بنقل الخطوات الی خطط الخطیات
ہیں - اور سخت دلیری سے خواہشوں کو محرّمات کے بازاروں میں لیجاتے ہیں - حرام
المتمایلین علی الغید والاغاریدوانواع الجھلات - المصبحین
کاریوں کی جگہوں میں جلد دوڑکر جاتے ہیں - خوبصورت عورتوں اور راگ رنگ اور ہرقسم
فی خُضلۃ من العیش والممسین فی انواع اللذات - فکیف
کی جہالتوں پر جھکے ہوئے ہیں - صبح اور شام اُن کی خوش زندگی ہر طرح کی لذات میں
یوئیّدون من الحضرۃ - مع ھذہ الاعمال الشنیعۃ والمعصیۃ
بسر ہوتی ہے - سو ایسے لوگوں کو خدا سے کیونکر مدد ملے جبکہ اُن کے ایسے پر معصیت
بل من اول اسباب غضب اللہ علی المسلمین وجود ھذہ
اور برے اعمال ہوں - بلکہ ان عیش پسند غافل بادشاہوں کا وجود مسلمانوں پر خدا
السلاطین الغافلین المترفین - الذین اخلدوا الی الارض
تعالےٰ کا بڑا بھاری غضب ہے جو ناپاک کیڑوں کی طرح زمین سے لگ گئے ہیں اور
کالخراطین - ومابذلوالعباد اللہ جھد المستطیع - وصاروا
خدا کے بندوں کے لئے پُوری طاقت خرچ نہیں کرتے اور لنگڑے اونٹ کی طرح ہو گئے

كطالع وما عدوا كالطِرف الضليع - ولاجل ذالك مابقى معهم
ہیں اور چست چالاک گھوڑے کی طرح نہیں دوڑتے - اسی سبب سے آسمان کی نصرت
نصرة السماء - ولا رعب فى عيون الكفرة كما هو من خواص
اُن کا ساتھ نہیں دیتی اور نہ ہی کافروں کی آنکھ میں اُن کا ڈر خوف رہا ہے جیسے کہ پرہیزگار
الملوك الاتقياء - بل هم يفرون من الكفرة - كالحمر من القسورة -
بادشاہوں کی خاصیت ہے بلکہ یہ کافروں سے یوں بھاگتے ہیں جیسے شیر سے گدھے - اور
وكفى لالف منهم اثنان فى موطن الملحمة - فما سبب هذا الجبن
لڑائی کے میدان میں ان کے دو ہزار کے لئے دو کافر کافی ہیں - سو اس بزدلی اور ادبار کا
وهذا الادبار - الاعيشة التنعم والاتراف كالفجار - وكيف
سبب بجز بدکاروں کی طرح عیش وعشرت کی زندگی بسر کرنے کے اور کچھ نہیں - اور ایسی
يُعضدون بالنصرة والاعانة - مع هذه الغواية والخيانة -
خیانت اور گمراہی کے ہوتے انھیں کیونکر خدا سے مدد ملے - اس لئے کہ خدا اپنی دائمی
فان الله لايبدل سنتہ المستمرة - ومن سنته انه يوئد
سنت کو تبدیل نہیں کرتا اور اسکی سنت ہے کہ کافر کو تو مدد دیتا ہے پر فاجر کو
الكفرة ولا يوئد الفجرة - ولذالك ترى ملوك النصارٰى
ہرگز نہیں دیتا - یہی وہ ہے کہ نصرانی بادشاہوں کو مدد مل رہی ہے اور وہ اُن کے
يوئدون وينصرون - وياخذون ثغورهم ويتملكون -
حدوں اور مملکتوں پر قابض ہو رہے ہیں اور ہر ایک ریاست کو دباتے چلے جاتے ہیں
ومن كل حدب ينسلون - وما نصرهم الله لرحمته عليهم
خدا تعالےٰ نے ان لوگوں کو اس لئے نصرت نہیں دی کہ وہ ان پر رحیم ہے بلکہ اس لئے
بل نصرهم لغضبه على المسلمين لوكانوا يعلمون - وكيف
کہ اس کا غضب مسلمانوں پر بھڑکا ہوا ہے کاش مسلمان جانتے اور اگر یہ متقی ہوتے تو
اُظهر عليهم اعداءهم ان كانوا يتقون - بل لمّا تركوا الدعاء
کیونکر ممکن تھا کہ ان کے دشمن ان پر غالب کئے جاتے - بلکہ جب انھوں نے دعا اور عبادت

والنعبد۔ ماعبأ بهم ربهم فهم بما كسبوا يعذبون ۔ وان
کو چھوڑ دیا۔ تب خدا نے بھی اُنکی کچھہ پروا نہ کی ۔ سو یہ اب اپنی کرتوتوں کے سبب سزا پا رہے
شر الدواب قوم فسقوا بعد ایمانهم و یعملون السیأت و
ہیں ۔ اور یقیناً خدا کے نزدیک سب جانداروں سے بدتر وہ لوگ ہیں جو ایمان کے بعد
لایخافون ۔ فبما نکثوا عهد الله ونقضوا حدود الفرقان ۔ طوحت
فاسق ہو جائیں اور بدکاریاں کریں اور نہ ڈریں ۔ خدا کا عہد توڑنے اور قرآن کی حدود کی
بهم طوائح الزمأت ۔ وخرج من ایدیهم کثیر من البلدان ۔
بے عزتی کرنے کے سبب سے خطرناک حادثے اُن پر نازل ہو رہے ہیں ۔ اور بہت سے شہر اُنکے
وانأتهم غفلتهم عن حقوقهم وضربت علیهم خیام اهل
ہاتھوں سے نکل گئے ہیں ۔ غفلت نے ان کو حقوق سے دور کر دیا ہے اور پرستاران صلیب
الصلبان ۔ نکالا من الله واخذا من الدیّان ۔ انهم بارزوا الله
کے خیمے اُن کے ملکوں میں آ لگے ہیں ۔ یہ سب خدا تعالے کی طرف سے سزا اور گرفت ہے ۔
بالمعصیة ۔ فولوا الدبر من الکفرة ۔ وما اخزاهم عداهم ولکن
ازبسکہ انھوں نے بدکاریاں کر کے خدا کا مقابلہ کیا ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ کفار سے شکست
الله اخزاهم ۔ فانهم عصوا امام اعین الله فاراهم ما اراهم ۔ و
کھا گئے ۔ دشمنوں نے انھیں رُسوا نہیں کیا بلکہ خدا نے کیا ۔ اس لئے کہ خدا کی آنکھوں کے
ترکهم فی افات وما نجاهم ۔ ووزراءهم قوم مغشوشون ۔ یاکلون
سامنے انھوں نے بے فرمانیاں کیں ۔ سو اُس نے انھیں دکھایا جو دکھایا اور انھیں آفات
اموالهم ۔ ولا یخلصون ۔ لا یمنعونهم من التعامی والتصابی ۔
میں چھوڑ دیا اور نہ بچایا اور اُن کے وزیر بد دیانت اور خائن ہیں ۔ انکا مال کھاتے ہیں اور مخلص
ویغضون لهم کالفطن المتغابی ۔ وینضحون عنهم کالمداهن
نہیں اور انھیں اندھا بن جانے اور غلطی کی طرف میل کر جانے سے نہیں روکتے اور تغافل
المحابی ۔ وانهم قسمان ۔ قسم کالعقارب وقسم کالنسوان ۔ او
شعار زیرک کی طرح چشم پوشی کرتے ہیں ۔ اور مداہنہ کرنیوالے بیچ بیچ کر چلنے والے کی طرح اُن کی

نقول بتبدیل البیان - قسم کغمر جاھل ما اعطی لھم حظ من
حمایت اور دماغ کرتے ہیں - اور ان لوگوں کی دو قسمیں ہیں کچھ تو بچھوؤں کی مانند ہیں اور کچھ
العرفان - وقسم کذی غمر متجاھل لا یریدون الا ھلاک
عورتوں کی مانند یا دوسرے لفظوں میں ہم یوں کہتے ہیں کہ ایک حصہ تو وہ نادان جاہل ہیں
ملوکھم کالشیطان - یرون سلاطینھم یقربون حرمات
جنھیں عرفان سے کچھ بھی بہرہ نہیں ملا - اور ایک حصہ وہ ہیں جو جان بوجھ کر جاہل بنے
اللہ ومناھی الشرع - ثم یبدون بانہ من المباحات ولیس مما
ہوئے ہیں اور شیطان کی طرح اپنے بادشاہوں کی ہلاکت چاہتے ہیں - دیکھتے ہیں کہ اُن کے
یخالف طریق الورع - ویزینون فی اعینھم امرا ھو اقبح
بادشاہ خدا اور شرع کی حرام کردہ چیزوں کے نزدیک جاتے ہیں - پھر بھی کہتے ہیں کہ یہ
السیّات - ویریدون ان یجعلوھم کالعجاوات بل الجمادات -
مباح چیزیں ہیں اور پرہیزگاری کے طریق کے مخالف نہیں اور بدکرداریوں کو انکی آنکھوں
ولا یخرج من افواھھم قول یقرب الصدق والصواب - ولا
میں سجاتے ہیں اور اُن کو چارپائے یا پتھر بنانا چاہتے ہیں اور کوئی حق اور سچ بات اُن کے
یبغون فی انفسھم الا الھلاک والتباب - لا یذکرون ملوکھم
مونہہ سے نہیں نکلتی - اور اپنے دلوں میں بجز ہلاکت اور تباہی کے اور کچھ نہیں ڈھونڈتے - بادشاہوں
بما ھو خیر لھم فی ھذہ ویوم المکافات - بل یترکونھم کالسباع
سے اُن باتوں کا تذکرہ نہیں کرتے جو اس دنیا میں اور آخرۃ میں اُن کے کام آئیں
المفترسۃ والحیوانات - ویسعون فی کل وقت من الاوقات -
بلکہ اُن کو شکاری درندوں اور سانپوں کی طرح رہنے دیتے ہیں - اور ہر گھڑی اس کوشش میں
ان ینبأ سمعھم عن اوامر اللہ وسنن خیر الکائنات - ولا
رہتے ہیں کہ اُن کے کان خدا کے امر اور رسول خدا کی سنت کے سننے سے دور رہیں -
یخوفونھم من عواقب الغفلۃ - ولا یؤثمونھم عند ارتکاب
اور غفلت کے بد انجام سے انھیں نہیں ڈراتے اور بدکاری کرتے وقت انھیں بدکار نہیں ٹھہراتے

المعصية - فهل هم بهذه السيرة لهذه الملوك الا كحمرة
سوایسی خصلت اور چال چلن کے لوگ ان بادشاہوں کے حق میں ایسے ہیں جیسے گدھا
للرجلين المتخاذلين - او كوقود لنار او كغشاوة على العينين
لڑکھڑانے والے پاؤں کے حق میں - یا جیسے ایندھن آگ کے لئے یا پردہ آنکھوں پر -
لا يطفؤن اوارهم - بل يحمدون عثارهم - ولذالك صارت
ان کی پیاس کو نہیں بجھاتے بلکہ انکی لغزشوں کی تعریف کرتے ہیں - اسی وجہ سے
ملوكهم غرضا لحصائد الالسنة - وسموا قوما كسالى في الجرائد
اُن کے بادشاہ لوگوں کی زبانوں کے نشانہ بنے ہوئے ہیں اور یورپ کے اخبار انھیں
المغربية - بل اجمع اهل الراى من النصارى نظرا على هذه
سست اور نالایق لکھتے ہیں - بلکہ ان حالات کو دیکھکر عیسائی اہل الرائی متفق ہو کر
الحالات - على ان ايامهم ايام معدودة وسيزول امرهم و
کہتے ہیں کہ ان کے دن اب تھوڑے رہ گئے ہیں اور بہت جلد ان کا تانا بانا ادھڑنے
امرتهم في اسرع الاوقات - واذا هلك سلطان الروم مثلا فلا
والا ہے - اور جب مثلاً سلطان روم ہلاک ہوگیا تو اُن رائے زنوں کے نزدیک
سلطان بعده عند هؤلاء الذين رموا احجار الاراء - والله يعلم
اس کے بعد کوئی اور سلطان نہیں - اللہ تعالے جانتا ہے اسے جو مخفی رکھا ہے اور جو
ما كتمه وما يفعله رايٌ في الارض ورايٌ في السماء - فمن ذا الذى
کچھ کرتا ہے - ایک رائے زمین میں ہے اور ایک رائے آسمان میں - سو اب کون
ينبه هؤلاء - ومن يوقظ النائمين ويخبرهم من هذا البلاء -
اُن کو جگائے اور کون سونے والوں کو بیدار کرے اور اس بلا کی خبر دے - اس میں
ولا شك ان اكثر هذه الملوك اسرفوا على انفسهم وجاوزوا الحدّ
شک نہیں کہ اکثر بادشاہ سخت بے اعتدالی کرتے ہیں اور عیش و عشرت میں حد سے
في التنعم والتهنية - وجعلوا نفوسهم رهينة الفسق والكسل
نکل گئے ہیں اور فسق اور کسل اور معصیت میں مبتلا ہیں - خوبصورت عورتوں کی تلاش

والمعصية - لايزالون يبغون غانية من النساء - ويستقرون
ہیں رہتے اور اُن کے وصال کے حیلے سوچتے رہتے ہیں خواہ ناجائز حیلے کیوں نہ ہوں اور
حيلة لوصالها ولو بالفحشاء - ويبذلون بدرة لو نزل البدر
بدرہ خرچ کرتے ہیں اگر بدر آسمان سے اتر آوے - بدکاری سے اُن کی
من السماء - تفانت قواهم من الفسق والفجور - وذهبت نضرتهم
قوتیں فنا ہوگئی ہیں اور حور و قصور کی فکر میں زور و زر سب جاتا رہا ہے
ونُضارهم في فكر النسوة والقصور - وترى كثيرًا منهم خلت
بہتوں کی تھیلیاں خالی ہوگئیں اور خوشی جاتی رہی اور عزت تباہ ہوگئی اور
صُرّتهم - وسرت مسرتهم - وبُدّل بالخطر خطرتهم وضاعت
عورت کے پیچھے امیری خاک میں مل گئی اور دولت اور ثروت کے بعد
لامراة امرتهم - وظهر قتر الفقر بعد ما اودع سر الغنى استهم
اب نان شبینہ کے محتاج ہوگئے ہیں اور مارے غم کے آنکھیں خراب ہوگئی
وحسر بصرهم من الحزن ودامت حسرتهم - ومع ذالك لا
ہیں اور حسرت بڑھ گئی ہے - اسپر بھی وہ خود خواہشوں کو نہیں چھوڑتے
يتركون الشهوات والشهوات تتركهم بالشيب والامراض
ہاں خواہشیں انھیں بیماریوں اور آفتوں کے وقت چھوڑ جاتی ہیں اور جب بدکاروں
والآفات - ولا يتقون شططا وغلوا في استيفاء الحظوظ كالفجرة -
کی طرح حظ نفس کو پورا کرنے پر آتے ہیں تو کوئی حد بست رہنے نہیں دیتے
حتى يجر الامر الى تلاشي الصحة واختلال البنية - وتزهق انفسهم
آخر کار بدن کی طاقتوں اور صحت کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے اور یوں صحت
وهم يتمنون ان تعود ايام الصحة والقوة - كانهم وقفوا ابدانهم
وقوت کے دوبارہ ملنے کی آرزو میں جان نکل جاتی ہے۔ گویا ان لوگوں نے اپنے
وقواهم على البغايا وآثروا حُبّهن على عصمة النفس والعرض
بدن اور قوت کو بدکار عورتوں پر وقف کر رکھا ہے اور انکی محبت کو جان اور

والملّة - ان ھٰؤلاءِ قوم صاروا للشیطان کفیئٍ - ولیسوا من الخیر
آبرو اور مال اور ملت کے بجاؤ پر مقدم کرلیا ہے - یہ لوگ شیطان کے ظل ہیں اور اُن
فی شیئٍ - تری طبائعھم کارض ذات کسور غیر المسحاء - متلونۃ
کے وجود میں کوئی خیر نہیں - انکی طبیعتوں کو تو دیکھتا ہے جیسی زمین نشیب فراز والی ناہموار صبح اور
فی الصباح والمساء - وتری قلوبھم مظلمۃ من الکبر والخیلاء -
شام نئے نئے رنگ نکالتی ہیں اور گھمنڈ اور خود بینی سے ان کے دل سیاہ ہو گئے ہیں
کانھا ھزیع من اللیلۃ اللیلاء - یفرحون بمرابط مملوۃ من طرف
گویا وہ سخت کالی رات کے ٹکڑے ہیں - انھیں اس امر کی خوشی ہے کہ اُنکے اصطبل
وبغال وبقر وجمال - او نساءٍ ذات بہاء وحسن وجمال - ولا
اعلیٰ درجہ کے گھوڑوں اور خچروں اور گایوں اور اونٹوں سے بھرپور ہوں یا خوبصورت
یتعھدون فرائضھم ولا یخافون یوم ارتحال - وساعۃ اخذ
عورتیں اُن کے پاس ہوں - اپنے فرائض کا کچھ بھی دھیان نہیں رکھتے اور کوچ کے
وسوال - ویفندون یومھم فی الزینۃ والمشط والاکتحال - وما
دن کا اور باز پرس اور گرفت کی گھڑی کا کوئی ڈر نہیں - کنگھی پٹی اور سرمہ لگانے
بقی فیھم سیرۃ من سیر الرجال - واذا رأیتھم بذء تھم و
میں سارا دن خرچ کردیتے ہیں اور مردوں کی خوبو اُن میں رہی ہی نہیں - اگر تم انھیں دیکھو
حسبتھم نساء الاسواق - او عبیدًا زُیّنوا للبیع بعد الاسترقاق -
تو کراہت کرو اور بازاری عورتیں سمجھو یا وہ غلام جو غلام کرنے کے بعد فروخت کے
لا یداومون علی الصلوٰۃ - وصارت اھواءھم فی سبلھم
لئے سجائے جاتے ہیں - نماز کی پابندی نہیں کرتے اور خواہشیں انکی راہ میں چٹان اور روک بنگئی
کالصلات - وان صلّوا فیصلون فی البیوت کالنساء - ولا
ہیں اور اگر نماز پڑھیں بھی تو عورتوں کی طرح گھر میں پڑھتے ہیں اور متقیوں کی طرح
یحضرون المساجد کالاتقیاء - وکیف وانھم لا یفارقون کاس الصھباء -
مسجدوں میں حاضر نہیں ہوتے اور ہوں کیونکر جام مے سے تو الگ نہیں ہوتے -

ولا یترکون ادناس الندماء۔ ولا یطیقون ان یسمعوا من الوعظ
اور ندیموں کی ناپاکیوں کو نہیں چھوڑتے۔ اور وعظ کی کوئی بات سُن نہیں سکتے۔ جھٹ
کلمۃ۔ فیاخذ ھم عزۃ کبرا ونخوۃ۔ ویتوغرون غضبا وغیرۃ۔
کبر اور نخوت کی عزت انھیں جوش دلاتی ہے اور غضب اور غیرت میں نیلے
ویکون اکرم الناس عندھم من زین لھم حالھم۔ وحمد ھم و
پیلے ہو جاتے ہیں۔ اور اُن کے نزدیک بڑا مکرم وہ ہوتا ہے جو اُن کا حال انھیں خوبصورت
اعمالھم۔ وکذالک فسدت اخلاقھم من مداومۃ المدام۔
کرکے دکھائے اور اُن کی اور اُن کے اعمال کی تعریف کرے۔ غرض اس طرح شراب خواری
واستاصلتھم شجرۃ الکرم مع کونھم من ابناء الکرام۔ ما بقی
سے اُن کے اخلاق بگڑ گئے ہیں اور انگور کے درخت نے اُن کی بیخ کنی کر دی ہے حال آنکہ یہ
ھمھم من غیران یکون لھم قصر منیف۔ وغذاء لطیف۔
لوگ بزرگوں کی اولاد تھے ان کی غرض و مقصد اب یہی رہ گیا ہے کہ بڑی بلند حویلیاں ہوں لطیف
وشراب حریف۔ وما سُمع منھم تطریف۔ ولذالک لحقھم
غذا ہو اور زبان کو مارے تیزی کے کاٹنے والی شراب ہو۔ کبھی نہیں سنا گیا کہ انھوں نے دشمن پر چڑھائی
وبال وخسران۔ وجُزّوا کما یجزّ ضان۔ وقُضّبوا کما تقضّب
کی ہو۔ اسی وجہ سے انپر وبال پڑا اور بھیڑ بکری کی طرح انکی پشمیں کاٹی گئیں اور شاخوں کی طرح
اغصان۔ واُخذوا کما یؤخذ دابۃ۔ وقطعوا کما یقطع قضابۃ۔
تراشے گئے اور چارپایوں کی طرح پکڑے گئے اور لکڑی کی طرح کاٹے گئے اور امارت اور دولت
وسقطوا من ذری دولۃ وامارۃ۔ کما یسقط ثوب من کارۃ
کی بلندی سے گر گئے جس طرح ناگہاں گٹھڑ سے کوئی کپڑا گر جاتا ہے۔ اور جب خدا نے ان کا فسق
بغرارۃ۔ ولما رآی اللہ فسقھم وفجورھم۔ وظلمھم وزورھم
و فجور اور ظلم اور جھوٹ اور اترانا اور ناشکر گذاری دیکھی انپر ایسے لوگوں کو مسلط کیا جو اُن کی
وبطرھم وکفورھم۔ سلط علیھم قوما یتسورون جدرانھم و
دیواروں کو پھاندتے اور ہر بلند جگہ پر چڑھ جاتے ہیں اور اُن کے

كلما علا يتسلقون - ومما ملكه اباءهم يتملكون - ومن كل
باپ دادوں کی ملکیت پر قبضہ کرتے ہیں اور ہر ریاست کو دباتے چلے جاتے ہیں
حدب ينسلون - وكان ذالك امرًا مفعولا وانتم تقرؤنه
اور یہ سب کچھ ہونے والا تھا اور تم قرآن میں یہ باتیں پڑھتے ہو اور
فی القران ولكن لا تفكرون - وقفّٰى على اثارهم بقسوس فهم
سوچتے نہیں - اور ان کے پیچھے پیچھے پادریوں کو بھیجا جو لوگوں کو دھوکے
يضلون الناس ويخدعون - ويرغبونهم فی دينهم الباطل
دیتے اور گمراہ کرتے اور اپنے جھوٹے دین کی ترغیب دیتے ہیں مال
بمال ونساء وبكل ما يرتّبون - فيبيع السفهاء دين الله برغفان
اور عورتوں کا لالچ دیکر - سو نادان لوگ خدا کے دین کو روٹیوں اور
ونسوان واماني اخرى كما انتم تنظرون - والاثم كله على الملوك
عورتوں اور دوسری خواہشوں کی عوض بیچ ڈالتے ہیں اور یہ سارا گناہ بادشاہوں
بما لم يصلحوا امر رعاياهم وما ردوا مفاسدهم بوبلة وكانوا لا
کی گردن پر ہے جنھوں نے رعایا کے حال کی اصلاح نہ کی اور انکی برائیوں
يبالون - فقلبت امور دنياهم بما قلبوا تقوى القلوب - وكانوا
کو گناہ اور برا نہ سمجھا اور کچھ بھی پرواہ نہ کی - سو چونکہ انھوں نے دلوں کا
على المعاصي يجترؤن - وان الله لا يغير ما بقوم حتى يغيروا
تقوی بدل دیا خدا نے ان کے امور دنیا کو بدل دیا اور اس لئے بھی کہ وہ گناہوں
ما بانفسهم - ولاهم يرحمون - بل الله يلعن بيوتا يفسق الناس
پر دلیر تھے اور خداتعالے کسی قوم کی حالت کو نہیں بدلتا جب تک وہ اپنی اندرونی حالت کو آپ
فيها وبلادا فيها يجترمون - وتنزل الملائكة على دار الفسق
نہ بدل لیں اور نہ ہی ان پر رحم کیا جاتا ہے - بلکہ خدا اُن گھروں پر لعنت کرتا ہے اور اُن شہروں پر
والظلم ويقولون ما عمّرك الله يا دار - وخرّبك يا جدار - وينزل
جن میں لوگ بدکاری اور جرم کریں - اور بدکاری کے گھروں پر فرشتے اتر کر کہتے ہیں اے گھر خدا تجھے

امر اللّٰہ فیھلکون - ویحدث اللّٰہ سببا لھدم تلک الحیطان

ویران کرے اور اسے دیوار خدا تجھے ڈھادے - اور خدا کا امر اترتا ہے - سو وہ ہلاک ہو جاتے

وتخریب تلک البلدان فیاتی قوم فیھدونھا من اساسھا

ہیں اور خدا اُن دیواروں اور شہروں کی بربادی کے لئے سبب پیدا کرتا ہے - سو ایک قوم

وکذالک یفعلون - فلا تسبّوا ملوک النصارٰی ولا تذکروا

آتی ہے اور اُن کو تباہ اور ویران کر دیتی ہے - سو بادشاہان نصارا کو مت کوسو اور جو کچھ

ما مسّکم من ایدیھم ولا تلوموا الا انفسکم ایھا المعتدون -

تمھیں اُن کے ہاتھوں سے پہنچا ہے اسے مت یاد کرو اور بدکارو! خود اپنے آپ کو ملامت

اتسمعون ما اقول لکم کلا بل تعبسون وتشتمون - وانّٰی لکم

کرو - کیا تم میری باتیں سنتے ہو نہیں نہیں تم تو مُنہ بناتے اور گالیاں دیتے ہو اور تمھیں سننے

اٰذان تسمع وقلوب تفھم واین لکم الفراغ ان تنقلوا من الاکل

والے کان اور سمجھنے والے دل تو ملے ہی نہیں اور تمھیں اتنی فرصت ہی کہاں کہ کھانے پینے

الی العقل والی الدیّان من الدنان واین فیکم فتیان یتذکرون -

سے عقل کی طرف آؤ اور خم سے الگ ہو کر خدا کی طرف دھیان کرو اور تم میں سوچنے

اتسبّون اعداءکم وما نالکم الا جزاء ما کنتم تکسبون - واعلموا

والے جوان ہی کہاں ہیں - کیا تم دشمنوں کو کوستے ہو اور تمھیں جو کچھ پہونچا ہے اپنی بدکرداریوں

انکم ان کنتم صالحین لاصلح الملوک لکم وکذالک جرت سنّۃ

کی وجہ سے پہونچا ہے - سنو تم اگر نیکوکار ہوتے تو بادشاہ بھی تمھارے لئے صالح بنائے

اللّٰہ لقوم یتقون - وانتھوا من اطراء ملوک الاسلام واستغفروا

جاتے اس لئے کہ متقیوں کے لئے خدا تعالے کی ایسی ہی سنت ہے اور مسلمان بادشاہوں

لھم ان کنتم تنصحون - ولا تتقدموا الیھم بموائد فیھا سمّ فیاکلون

کی مدح سرائی سے باز آؤ اور اگر ان کے خیرخواہ ہو تو اُن کے لئے استغفار پڑھو اور اُن کے

ویموتون - وانتم تعیشون معھم فی رخاء وتغترفون من

آگے ایسے کھانے نہ لیجاؤ جن میں زہر ہے جنھیں کھا کر وہ ہلاک ہو جائیں تم اُن کے وجود سے

فضالتهم فان مسهم ضر فكيف تعصمون - وانهم ملكوا
طفیل بڑے مزے میں گزران کرتے اور اُن کے بچے کھچے کھاتے ہو - سو اگر انھیں ضرر پہونچا
رقابكم واعراضكم واموالكم فانصحوا الذين يملكون - وقد
تو تمہارا ٹھکانا کہاں - اور وہ تمہاری گردنوں اور عزتوں اور مالوں کے مالک ہیں سو اپنے
جعلهم الله لكم كمعدّات - وجعلكم لهم كآلاتٍ فتعاونوا على
مالکوں کی بھی خیر خواہی کرو - خدا نے انھیں تمہارے حق میں ساز و سامان اور تمہیں اُن کے
البر والتقوى انكنتم تخلصون - ونبهوهم على سيّاتهم - و
آلات بنایا ہے - سو اگر مخلص ہو تو تقوی اور نیکی پر ایک دوسرے کے مددگار بن جاؤ
اعثروا هم على هفواتهم - انكنتم لا تنافقون - ووالله انهم قوم
اور انھیں اُن کی بدکرداریوں پر آگاہ کرو اور لغزیات پر انھیں اطلاع دو اگر تم منافق
لا يؤدون حقوق عباد اُمّروا عليهم ولا يحافظون الفرائض
نہیں - واللہ وہ اپنی رعیت کے حقوق ادا نہیں کرتے اور فرائض کی پوری خبر گیری بجا نہیں
ولا يتعهدون - وتعرفونه بوجه اكسف من بالهم و زيّ
لاتے - تم پہچان لوگے اس بات کو اُن کا مونہہ دیکھ کر جو اُن کے دل سے بھی زیادہ بھونڈا اور لباس
اوحش من حالهم كانّ بواطنهم مسخت وكانهم انشوا
سے جو اُنکے حال سے زیادہ وحشت انگیز ہے گویا ان کے باطن مسخ ہوگئے ہیں اور گویا انھوں نے کسی اوپرے
فيما لا يعلمون - وتالله انا نرى ان قلوبهم قاسية بل اشد
عالم میں پرورش پائی ہے - قسم بخدا ان کے دل پہاڑوں کے پتھروں سے بھی زیادہ سخت
قسوة من احجار الجبال - وان طبائعهم متوقدة ولا كالنمور
ہیں - اور انکی طبیعتیں سانپوں اور چیتوں سے بھی زیادہ افروختہ ہیں اور وہ کبھی خدا کے
وافاعى الدحال - وانهم قوم لا يتضرعون - فثبت من هذه
حضور گڑگڑاتے نہیں - ان فعلوں اور عملوں سے ثابت ہوگیا کہ انھوں نے خدا کو ناراض
الافعال والاعمال - انهم اسخطوا ربهم واختاروا طرق الضلال
کرکے گمراہی کے طریق اختیار کئے ہیں اور خود قاتل زہر کھا کر رعیت کو بھی اس میں شامل کر لیا ہے

واكلوا سماً زعافاً ثم اشركوا فيه رعاياهم فلهم سهمان من

سو اُن کے لئے وبال سے دو حصے ہیں۔ وہ جہنم میں خود بھی پڑیں گے اور

الوبال۔ یردون جهنم ویوردون۔ وكلما نزل على الاسلام

دوسروں کو اپنے ساتھ ڈالیں گے۔ اسلام پر جو کچھ نازل ہوا اُن کی بد عملیوں

فهو نزل من سوء اعمالهم وفساد الافعال۔ فهل فيكم رجل

سے ہوا۔ سوا ے متکلمو! تم میں کوئی ایسا ہے جو انھیں ان عادات کے نتیجوں پر آگاہ

يفهمهم نتائج هذه الخصال ايها المتكلمون۔ فانهم قوم

کرے۔ اس لئے کہ ان لوگوں نے ناپاک خواہشوں کے پیچھے دین کھو دیا ہے اور تمام

ضيعوا دينهم للاهواء والاعمال۔ وصاروا كاحول في جميع

احوال میں احول بن گئے ہیں بلکہ میرے نزدیک تو وہ بالکل اندھے ہیں۔ میں تمھیں یہ

الاحوال۔ بل اراهم عميا لا يبصرون۔ ولا اقول لكم ان تخرجوا

نہیں کہتا کہ تم اُن کی اطاعت کو چھوڑ کر اُن سے جنگ وجدال کرو بلکہ خدا سے انکی بہتری

من ربقتهم وتقصدوا سبيل البغاوة والقتال۔ بل اطلبوا

مانگو تو کہ وہ باز آجائیں۔ اور یہ تو اُن سے امید نہ رکھو کہ وہ اصلاح کر سکیں مگر اُن

صلاحهم من الله ذى الجلال لعلهم ينتهون۔ ولا تتوقعوا

باتوں کی جنھیں دجال کے ہاتھوں نے بگاڑ دیا ہے یا وہ اس قدر تباہی اور پریشانی کے بعد ملت

منهم ان يصلحوا ما افسدت ايدى الدجال۔ او يقيموا الملة

کی حالت کو درست کر لیں گے اور تم جانتے ہو کہ ہر میدان کے لئے خاص خاص مرد ہوا کرتے

بعد تهافتها وبعد ما ظهر من الاختلال۔ ولكل موطن رجال

ہیں اور کیا ممکن ہے کہ مردہ دوسروں کو زندہ کر سکے یا گمراہ دوسروں کو ہدایت دے یا

كما تعلمون۔ وهل يرجى احياء الناس من الميت او الهداية

خشک بادل سے بارش اور اونٹ کا سوئی کے ناکے میں داخل ہونا ممکن

من الضال۔ او المطر من الجهام او الولوج في سم الخياط من الجمال

ہے تو پھر ان سے کیا امید رکھ سکتے ہو۔ ہمیں تو امید نہیں کہ وہ سنور جائیں جب تک

فکیف منهم تتوقعون۔ وتالله انا لا نتوقع صلاحهم حتی یوقظهم

انھیں موت ہی آکر بیدار نہ کرے۔ ان وعظ و پند کرنے کا ہمیں حکم ہے اور

الاحتضار۔ ولکن ندب الینا الاذکار۔ وانا لا نحسبهم الا

ہم تو انھیں اُن پرندوں کی طرح سمجھتے ہیں جو ہوا میں اڑتے اور پکڑے نہیں

کطیر معلق لا یصاد۔ او کعمر لا یستعاد۔ او کخفافیش خربت

جاتے یا عمر کی طرح جو واپس نہیں آتی۔ یا اُن چمگادڑوں کی طرح جن سے

منها البلاد۔ او کبلدة ما اصابها العهاد۔ او کظل غیر ظلیل

شہر ویران ہو گئے یا اُس شہر کی طرح جس پر مینہ نہ برسا ہو یا اُس بے برکت

لا تاوی الیه العباد۔ او کسم قطعت منه الاکباد۔ عظمت

سایہ کی طرح جس کے نیچے لوگ آرام نہیں پاتے یا اُس زہر کی طرح جس سے جگر

صدمة عثرتهم۔ وما اری من یقیلهم من صرعتهم۔ تراءوا

پارہ پارہ ہو جاتے ہیں۔ اُن کی ٹھوکر کا صدمہ بڑا بھاری ہے اور کوئی ایسا

کحطب لا کاشجار ذات الثمار۔ والحطب لا یلیق الا للنار۔

نظر نہیں آتا جو ان گرتوں کو سنبھالے۔ وہ خشک لکڑیاں ہیں۔ پھلدار درخت

فقدوا قوة الفراسة۔ واصول السیاسة۔ وارادوا ان یتعلموا

نہیں۔ اور ایندھن تو آگ کے لئے موزوں ہوتا ہے ان میں فراست کی قوت

مکائد جیرانهم من النصاری فما بلغوهم فی دقائق الدسائس

اور اصول ملکداری کا علم نہیں۔ انھوں نے چاہا کہ اپنے عیسائی پڑوسیوں

وحیل الحراسة۔ فمثلهم کمثل دیک اراد ان یضاهی النسر

کی مکاریوں کو سیکھیں لیکن باریک فریبوں اور بچاؤں کی تدبیروں میں ان تک پہونچ نہ سکے

فی الطیران۔ فزایل مرکزه وما بلغ مقام النسر فخر لاغبا فلقفه

سو وہ اُس مرغ کی مانند ہیں جس نے پرواز میں کرگس بننا چاہا پس اپنی جگہ سے تو اکھڑ گیا اور کرگس کے

صقر فی المیدان۔ هذا مثل ملوک الاسلام بمقابلة اهل

مقام کو پہنچ نہ سکا آخر تھک کر گرا پھر ایک چرغ نے میدان میں اُسے آ دبایا۔ یہ ہے مثال مسلمان بادشاہوں

الصلبان - اعرضوا عما علموا من وصايا الاتقاء - وما لكوا فی المکائد

کی عیسائیوں کے مقابل جو کچھ انھیں تقوی اللہ کے متعلق تعلیم ملی تھی اس سے تو منہ پھیر لیا اور

کالاعداء - فبقوا الامن هولاء ولا من هولاء - وقد کتب الله للملوک بینه ان لا ینصرهم ابدا

اپنے مخالفوں کی طرح وہ چالاکیاں اور داؤ بھی پورے نہ سیکھے اور مسلمان بادشاہوں کی نسبت

الا بعد تقواهم - واراد للنصاری ان یجعلهم فائزین بمکرهم

خدا تعالے وعدہ کر چکا ہے کہ جب تک متقی نہ بنیں گے ان کی کبھی مدد نہ کرے گا اور اس نے

اذ اسخط المومنون مولهم - ومن سوء القدر انا لا نری

ایسا ہی چاہا ہے کہ نصاری کو اُن کے مکر میں کامیاب کردے جب کہ مومنوں نے اُسے

فی هذه الایام ملوک الاسلام - قائمین علی حدود الله

ناراض کیا ہے اور بدبختی سے ہم اس وقت مسلمان بادشاہوں کو خدا کی حدود پر

العلام - لا فی انفسهم ولا فی الاحکام - بل ما بقی فیهم الا نهمة عشرین لونا من القلایا -

قائم نہیں دیکھتے بلکہ عیش وعشرت کی حرص کے سوا ان کی پیش نظر اور کچھ بھی نہیں - اور

وسبعین حسناء من المحصنات او البغایا - ولا یعلمون ما

رعایا کے معاملات و مقدمات کے فیصلہ کی طرف کوئی توجہ نہیں - کیا تم ان کے

فصل القضایا - اتحسبون سریرهم حمی الامن - وما بقی هو

تخت کو امن کی محفوظ جگہ خیال کرتے ہو حالانکہ وہ تو ایک ناپاک اور بیسود جگہ ہے کیا

الا کالدمن - اتظنون انهم یحفظون ثغور الاسلام من الکفرة -

تم خیال کرتے ہو کہ وہ اسلام کی حدوں کو کفار سے بچا سکیں گے ہرگز نہیں بلکہ وہ تو خود

کلا بل هم یدعونهم بایدی الغفلة - لیتملکوا ما بقی من

انھیں غفلت کے ہاتھوں سے بلاتے ہیں کہ ملت کے رہے سہے آثار پر بھی قابض ہو جائیں

اطلال الملة - اتزعمون انهم کهف الاسلام - یا سبحان الله

کیا تم گمان کرتے ہو کہ وہ اسلام کی پناہ ہیں - سبحان اللہ بڑی بھاری غلطی ہے بلکہ

ما اکبر هذا الغلط وانما هم یجیحون ببدعاتهم دین خیر الانام -

وہ تو بدعتوں سے دین خیر الانام کی بیخ کنی کرتے ہیں - تمہارا اختیار ہے کہ تم اُن کی

ولكم ان تحسنوا الظن فيهم وتنزهوهم عن السيات ولكن

نسبت نیک گمان کرو اور بد کرداریوں سے ان کی بریت ثابت کرو لیکن کن علامتوں سے

بای العلامات - اتخالون انهم يحفظون حرم الله وحرم رسوله

تم ایسا دعوی کرو گے - کیا تمہارا خیال ہے کہ وہ حرمین شریفین کے خادم اور محافظ ہیں

كالخدام - كلا بل الحرم يحفظهم لادعاء الاسلام وادعاء

ایسا نہیں بلکہ حرم انھیں بچا رہا ہے اس لئے کہ وہ اسلام اور رسول خدا کی محبت کے

محبة خير الانام - وقد حقت العقوبة لو لم يتوبوا الى الله

مدعی ہیں - اور اگر وہ پکی توبہ نہ کریں تو سزا سر پر کھڑی ہے - سو تم میں

المقتدر العلام - فمن فيكم يذكرهم بايام الله ويخوفهم

کوئی ہے جو انھیں برے دنوں سے ڈرائے - تم دیکھتے نہیں کہ اسلام

من سوء الايام - الا ترون ان الاسلام قد تكسر من دهر

بیداد گر زمانہ کے ہاتھوں سے چور ہو گیا ہے اور موسلا دھار مینہ کی

هاض - وجور فاض - وان الفتن مطرت عليه والا كمطر

طرح فتنے اس پر برس رہے ہیں اور دشمنوں کی فوجیں شکاری کی طرح اس کے

الوابل - وقام لصيدة افواج العدا كالحابل - وما بقي شئ

پھانسنے کو آمادہ ہیں اور اب ایسی کوئی بات نہیں جو دلوں کو

تسر القلوب - وتدرء الكروب - وظهر المسلمون كعطاشي

خوش کرے اور دکھوں کو دور کرے اور مسلمان جنگل کے پیاسے

في فلوات - وكمثل مرضى عند سكرات - وما بقي فيهم

یا اُس مریض کی طرح ہیں جو سانس توڑ رہا ہو - دری

الا رمق حيات - او قطرة من فرات - او قشرة من ثمرات

سی جان اُن میں رہ گئی ہے اور

وانهم قد ابتلوا بانواع امراض - واقسام اعراض - وفسد

طرح طرح کی بیماریوں میں گرفتار ہیں -

ماظهر وما بطن - ووهن من جهل ومن فطن - وتعامی
اور ظاہر اور باطن بگڑ گیا - اور نادان اور دانا بودے ہو گئے اور مسافر اور مقیم
من تغرب ومن قطن - وغابت الایام الغر - ونابت الاحداث
اندھے بن گئے اور اچھے دن دور ہو گئے اور برے دن آ گئے
الغبر - وغیّر الدین وقرب الی تلف - وصار بحره کجلف - و
اور دین تبدیل ہو کر تلف ہونے پر آ گیا اور اُس کا دریا خالی مشکے کی
أثر الناس علی الصدق الاراجیف - وعلی القصر المنیف من
طرح ہو گیا اور لوگوں نے صدق پر جھوٹی نکمی باتوں کو اور حق کی عالی شان
الحق الکنیف - ولما ضلوا ما بقی معهم دنیاهم وانسوا التکا لیف -
عمارت پر ٹٹی کو اختیار کر لیا - اور گمراہ ہونے کے بعد دنیا بھی جاتی رہی اور مصیبتیں
وودّع عوامع تودیع الصرف والعدل الذهب والصریف -
دیکھیں اور عدل اور انصاف کو چھوڑ کر سونے چاندی کو بھی کھو بیٹھے اور یہ باتیں پوشیدہ نہیں
وهذا امر لا یخفی علی ابن الایام - والمطلع علی نار تضرمت
ایسے شخص پر جو زمانہ سے واقف اور اُس آگ کو جانتا ہے جو خاص اور
فی الخواص والعوام - فالیوم لیالی المسلمین محاق - وعلیها
عام کو جلا رہی ہے - سو آج مسلمانوں کی راتیں چاند کے ڈوبنے کی راتیں ہیں اور
من النظارة اطواق - ومن الزحام اطباق - فقوم یمرّون
مختلف مذاق کے لوگ نظارہ کر رہے ہیں - بعض لوگ تو مسلمانوں پر
علی المسلمین ضاحکین - وآخرون ینظرون الیهم باکین -
ہنسی اڑاتے گزر جاتے ہیں اور بعضے روتے ہوئے اُن کی طرف دیکھتے
وترون ان القلوب قست - والذنوب کثرت - والصدور
ہیں - اور تم دیکھتے ہو کہ دل سخت ہو گئے ہیں اور گناہ بڑھ گئے ہیں
ضاقت - والعقول تکدرت - وعمّت الغفلة والکسل و
اور سینے تنگ ہو گئے اور عقلیں تیرہ و تار ہو گئیں اور غفلت اور

العصیان - وغلبت الجہالة والضلالة والطغیان - ومابقی
فسق اور عصیان کی ترقی اور جہالت اور گمراہی اور فساد کا غلبہ ہوگیا
التقوی وخطفه الشیطان - ولم یبق فی القلوب نور یقوی
ہے اور تقوی کا نام و نشان نہیں رہا اور دلوں میں وہ نور جس سے
منه الایمان - ونجس الابصار والالسن والاذان - وفسدت
ایمان کو قوت ہو نہیں رہا اور آنکھیں اور زبانیں اور کان پلید ہوگئے ہیں
الاعتقادات - وسلبت الدرایات - وظہرت الجہلات و
اور اعتقاد بگڑ گئے اور سمجھیں چھینی گئیں اور نادانیاں ظاہر ہوگئی ہیں اور عبادت میں
العمایات - ودخل الریاء فی العبادة - والخیلاء فی الزہادة -
نمود اور زہد میں خود بینی داخل ہوگئی ہے بدبختی نمودار ہوگئی اور سعادت کے
وظہرت الشقاوة وانتفت اثار السعادة - ولم یبق التحابب
نشان مٹ گئے ہیں اور محبت اور اتفاق جاتا رہا اور بغض اور پھوٹ پیدا ہوگئی
والاتفاق - وظہر التباغض والشقاق - ومابقی ذنب والجہالة
ہے اور کوئی گناہ اور جہالت نہیں جو مسلمانوں میں نہیں اور کوئی
الا وھو موجود فی المسلمین - ولا ضیم ولا ضلالة الا وھو یوجد
ظلم اور گمراہی نہیں جو ان کی عورتوں اور مردوں اور
فی نساءھم والرجال والبنین - سیما امراءھم ترکوا الصراط
بچوں میں نہیں - خصوصاً ان کے امیروں نے راہ حق کو
او قعدوا او مشوا کالذی عرج - وتری بعضھم اظلم ممن دبّ
چھوڑ دیا ہے یا بیٹھ گئے ہیں یا ایک لنگڑے کی طرح چلتے ہیں
ودرج - وعرض علیھم امر الله فسکتوا کاخرس - وصاروا
اور بعضے تو سب مردوں اور زندوں سے زیادہ ستم گر ہیں اور خدا کا امر اُن کے آگے پیش کیا گیا
اول من کفر بالحق وتدلس - ولذالك اخذ الناس بالطاعون
اور وہ گونگوں کی طرح چپ ہوگئے اور سب سے پہلے حق کے منکر ہوئے - اسی سبب سے خدا نے

والعجاوات بالموتان - وظهرت الآيات فما قبلوها فنزل سخط
انسانوں پر طاعون بھیجی اور جانوروں اور چارپایوں پر خشک سالی - اور نشان ظاہر
الرحمان - ولما رؤا العذاب قالوا انا تطيرنا بك وبكذبك جاء
ہوئے پر انہوں نے قبول نہ کیا سو خدا کا غضب اترا - اور جب انھوں نے
الطاعون - قيل طائركم معكم ائن ذكرتم بل انتم قوم مسرفون -
عذاب دیکھا کہنے لگے کہ تیرے وجود کو ہم نحس سمجھتے ہیں اور یہ طاعون تیرے جھوٹ
وما ارسل الله من رسول الا وارسل معه عذاب من السماء
کی وجہ سے پھیلی ہے - کہا گیا تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے - کیا اگر تم کو یاد
والارض لعلهم يرجعون - وكذالك كان التعفن في زمن المسيح
دلایا جائے بلکہ تم حد سے نکلنے والے لوگ ہو - اور خدا نے کوئی رسول نہیں بھیجا جس کے
عذابا موقتا وان في ذالك لآية لقوم يتدبرون - الا ينظرون كيف حفظ
ساتھ آسمان اور زمین سے عذاب نہ بھیجا گیا ہو - اس لئے کہ وہ باز آئیں - اسی طرح
الله هذه القرية وصدق وعده وجعلها ارضا آمنة - ويؤخذ الناس من
حضرت مسیح کے زمانہ میں بھی پھوڑا نکلتا تھا جو ایک موقت عذاب تھا اور اس میں غور کرنے والے کے
حولها ان في ذالك لآية لقوم يتفكرون - الا ينظرون كيف ارى الطواعين نواجذها
لئے نشان ہے - دیکھتے نہیں کہ کیسی حفاظت کی اللہ نے اس گاؤں کی اور اپنے وعدہ کو سچا کیا اور اس زمین کو
في قرى أخرى واوى الله اليه هذه القرية - ليتم وعدا أشيع من قبل في الورى -
امن والی کردیا اور اس کے آس پاس کے لوگ ہلاک ہو رہے ہیں - اس میں سوچنے والے کے لئے نشان
ومن اصدق من الله قيلا - ففكر انكنت بالتقوى تحلى - ووالله انها آية عظمى
ہے - کیا نہیں دیکھتے کہ ہر ایک قسم کا طاعون نے دوسرے دیہات میں کیونکر اپنی دانت دکھلائے ہیں اور اس گاؤں کو
للناس يبصرون - فاسئلوا الذين رؤها ويرونها انكنتم لا تعلمون - ولا
خدا نے اپنے میں لے لیا تاکہ اس وعدہ کو پورا کرے جو اس سے پہلے شائع کیا گیا اور خدا سے زیادہ راست گو اور
تتبعوا شياطينكم وتوبوا الى الله ايها المكذبون - الا تنتبهون -
کون ہے پس فکر کر اگر تو پرہیزگار انسان ہے اور بخدا یہ بڑا نشان ہے سب جاہلوں کے لئے سو تم انکو پوچھو جنہوں نے
وقد صبت المصائب
یہ نشان دیکھا ہے اور دیکھ رہے ہیں اگر تمہیں علم نہیں اور تم اپنے شیطانوں کی پیروی
عليكم وعلى ملوككم ايها المعتدون -
مت کرو اے وے لوگو جو تکذیب کر رہے ہو کیا تم خبردار نہیں ہوتے اور بہ تحقیق

وظهر الادبار - وما بقى لهم العيش النضير ولا النضار - وترى
اور خدا کی طرف رجوع کرو - کیا تم متنبہ نہیں ہوتے اور تم پر اور تمہارے بادشاہوں اور امیروں پر مصیبتیں ٹوٹ
اكثرهم بادى المتربة كماء يغور اوكرجل يغار - ثم صالت عليهم
پڑیں اور ادبار آگیا اور پر لطف زندگی اور زر نہیں رہا - اور بہتیرے سخت مفلس ہو گئے
طوائف القسوس فى اليوم المنحوس فدخل كثير من الناس
ہیں اُس پانی کی طرح جو خشک ہو جاتا یا اُس آدمی کی طرح جس پر ڈاکہ پڑتا ہے
فى الملة النصرانية - وصاروا اعداء الله واعداء رسوله
اس کے علاوہ پادریوں کے گروہ نے منحوس دن میں اُن پر حملہ کیا اور بہت سے لوگ
خير البرية - فاروني اي ملك من ملوككم صنع فلكا عند هذه
عیسائی ہو گئے اور خدا اور رسول کریم کے دشمن ہو گئے - سو اب مجھے بتاؤ
الطوفان - بل اُغرقوا مع المغرقين وقلّم اظفارهم مقراض الزمان
کہ تمہارے بادشاہوں سے کس بادشاہ نے اس طوفان کے وقت کشتی بنائی بلکہ وہ خود بھی
ورهق وجوههم القتر - وانتزف ماءهم الدهر - وفارقهم
ڈوبنے والوں کے ساتھ ڈوب گئے اور زمانہ کی قینچی نے ان کے ناخن قلم کر ڈالے
الاقبال - واحتالوا فما نفعهم الاحتيال - وظهرت فتن ما كانوا
اور اُن کے مُنہ کو گرد و غبار نے ڈھانک لیا اور زمانہ نے ان کا پانی خشک کر دیا اور اقبال
ان يُصلحوها بالشورٰى والمنتدٰى - ولا بتجهير البعوث على
اُن سے الگ ہو گیا - اور انھوں نے حیلے تو کئے پر اُن سے کچھ نفع نہ پایا اور ایسے فتنے آشکار
ثغور العدا - وربما تقلدوا اسلحة - وبعثوا جنودا مجنّدة -
ہوئے کہ وہ اپنی کمیٹیوں اور پارلیمنٹوں کے ذریعہ اور دشمنوں کی سرحدوں پر فوجوں کی
فما كان ما لهم الا الخزي والهزيمة - والهوان والذلة العظيمة - وما
چھاؤنی ڈال دینے کے وسیلہ ان کی اصلاح نہ کر سکے - بسا اوقات انھوں نے ہتھیار سجائے
نفع وجودهم الشريعة الغراء - بل تدثر الاسلام ظالعا اذا عدواء
اور بڑے بڑے لشکر بھیجے مگر نتیجہ سوائے شکست اور بڑی ذلت کے کچھ نہ ہوا - ان کے وجود سے شریعت

فی ارض متعادیة موات مرداء - بما کان الملوك فی سجن الاهوا
روشن حقہ کو کچھ بھی نفع نہ پہونچا - بلکہ اسلام لنگڑے مریل متعدّی مرض والے اونٹ پر سوار
کالمحبوس - وعبدة نار الشهوات کالمجوس - ومن کان راتعًا فی
ہو کر ایسی زمین میں چلا جس میں نہ سبزہ ہے اور نہ پانی ہے اور سخت ناہموار ہے اس لئے کہ
الاجمة الشیطانیة - ماله وللریاض الرحمانیة - فاری الدین
بادشاہ خواہشوں کے جیل میں بند ہیں اور مجوسیوں کی طرح خواہشوں کی آگ کے پرستار ہیں
فی زمنهم کمثل جسم ثارت به من الداخل حصبة ودماميل و
اور جو شخص شیطانی بیشوں میں چرتا چگتا ہو اُسے رحمانی باغوں سے کیا سروکار - میرے
انواع البثرات - وجرحه من الخارج کثیر من المدی والقنا
نزدیک اُن کے وقت میں دین کی مثال اُس جسم کی طرح ہے جس پر اندر سے تو چیچک اور پھوڑے
والمرهفات - واُجِیئَ ذرعه المخصب - واحرق عذیقه المرجّب
اور پھنسیاں نکلے ہوں اور باہر سے چھریوں اور نیزوں اور تلواروں نے اُسے زخمی کیا ہو اور
وکان فی زمان کحدیقة ترتع النواظر فی نواضرها - ویصقل
اس کے سرسبز کھیتوں میں ردی نکمی چیزیں اُگتی ہوں اور اس کے اعلیٰ درجہ کے کھجور کے درخت
الخواطر بشیم مواطرها - واما الیوم فهو کشجرة اتخذت الخفافیش
جلا دیئے گئے ہوں اور کبھی وہ ایسا باغ تھا کہ آنکھیں اس کے سرسبز نونہالوں کو دیکھ دیکھ
اوکارها فی اظلالها - وکعین ما بقیت قطرة من زلالها - و
خوش ہوتیں - اور اسکے ابرِ باراں کو دیکھکر دلوں کو جلا اور تازگی ملتی تھی - لیکن وہی آج اُس
اشمعلت للرحل کل شوکة وبرکة کانت فی هذا الدین - وما بقی
درخت کی مانند ہے جس کے سایہ میں چمگادڑوں نے گھونسلے بنائے ہیں اور اُس چشمہ کی مانند ہے
الا قصص من الاٰیات وقشرة من الکتاب المبین - وتراه کدار
جس کے خوشگوار پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں رہا - اور اس دین کی ہر شوکت اور برکت کوچ پر آمادہ
مات صاحبها - وقامت نوادبها - وهدم جدرانها - وزلزل
ہو رہی ہے اور نشانوں کی نسبت کتھا کہانیاں رہ گئی ہیں اور کتاب مبین سے نرا پوست اور چھلکا

بنیانها - فانظروا ماذا ترون طرق المداوات - یا طوائف
رہ گیا ہے - اور وہ اُس گھر کی مانند ہے جس کا مالک مرگیا ہے اور بین کرنے والیاں اسپر نوحے
الاساۃ - اتجدون هذه الامراء - یدفعون تلك البلاء -
کر رہی ہیں اور اس کی دیواریں ڈہ گئیں اور عمارتیں کپکپائی گئیں - اب بتاؤ اے طبیبو تمہارے
اتتوقعون من هذه الملوك - انهم یطهرون حدیقة الدین
نزدیک علاج کا کیا طریق ہے - کیا تمہاری رائے میں یہ امراء اس بلا کو دفع کر سکتے ہیں اور کیا تم
من تلك الشوك - او تزعمون ان هذه الامراض تبرء من
امید کرتے ہو کہ یہ بادشاہ ان کانٹوں سے دین کے باغ کو پاک کر سکیں گے - یا تم خیال کرتے ہو
الدول الاسلامیة وبجهدهم المعلوم - کلا بل هو امر اعسر من ان
کہ یہ بیماریاں اسلامی سلطنتوں اور اُن کی معلوم کوشش سے اچھی ہو جائیں گی - نہیں نہیں یہ
تتوقعوا الرطب الجني من الزقوم - وکیف وهم فی غشیة الوجوم -
بات اس سے بھی زیادہ دشوار ہے کہ تم تھوہر سے تازہ کھجوروں کی امید رکھو اور اُن سے کیا
وکیف یرفعون راسهم وهم تحت الوف من الهموم - والحق
توقع کی جائے اور وہ تو بڑے پتھروں کے نیچے دبے ہوئے ہیں اور وہ کیونکر سر اٹھائیں اور
والحق اقول ان هذه آفات لیس دفعها فی وسع الملوك و الامراء
وہ ہزاروں غموں کے نیچے آئے ہوئے ہیں - میں سچ سچ کہتا ہوں کہ ان آفتوں کا دفع کرنا
ایهدی الاعمی اعمی آخر یا ذوی الدهاء - ثم ان هذه الملوك و ان
بادشاہوں اور امیروں کا مقدور نہیں - کیا کبھی اندھا اندھے کو راہ بتا سکتا ہے اے دانشمندو
کانوا من المسلمین او من المخلصین المواسین - ولکن لیست
علاوہ بریں اگرچہ یہ بادشاہ مسلمان یا مخلص ہمدرد بھی ہوں - لیکن پھر بھی اُن کے نفوس پاک
نفوسهم کنفوس الکاملین المطهرین - وما اعطی لهم نور و
کاملوں کے نفوس کی مانند نہیں ہیں اور مقدسوں کی طرح انھیں نور اور جذب نہیں دیا جاتا
جذب کالمقدسین - فان النور لا ینزل قط من السماء - الا
اس لئے کہ نور آسمان سے اسی دل پر اترتا ہے جو فنا کی آگ سے جلایا جاتا ہے - پھر اُسے

علی قلب احرق بنیران الفناء - ثم اعطی من حب شغفه و
سچی محبت دی جاتی اور رضا کے چشمہ سے اُسے غسل دیا جاتا اور بینائی اور سچائی اور صفائی
غسل من عین الرضاء - وکحل بکحل البصیرۃ والصدق و
کا سرمہ اس کی آنکھوں میں لگایا جاتا ہے - پھر اسے برگزیدگی کے لباس پہنائے جاتے ہیں اور
الصفاء - ثم کسی من حلل الاجتباء والاصطفاء - ثم وُھب لہ
پھر اسے بقا کا مقام بخشا جاتا ہے - اور جو آپ ہی اندھیرے
مقام البقاء - وکیف یزیل الظلمۃ من ھو قاعد فی الظلمات - و
میں بیٹھا ہو وہ اندھیرے کو کیونکر دور کر سکتا ہے اور جو
کیف یوقظ من ھو نائم علی ارائك اللذات - والحق ان ملوك
آپ ہی لذات کے تختوں پر سوتا ہو وہ کسی کو کیا جگا سکتا ہے اور حق بات
ھذا الزمان لیست لھم مناسبۃ بالامور الروحانیۃ - وقد
